رسول اللہ ﷺ رمضان میں (عبادت میں) جتنی جد وجہد کرتے اتنی کسی اور مہینے میں نہیں کرتے تھے اور اس کے آخری عشرے میں جتنی محنت اور کوشش کرتے اتنی اس کے علاوہ دوسرے دنوں میں نہیں کرتے تھے۔

عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ کہتی ہیں:کہ رسول اللہ ﷺ رمضان میں (عبادت میں) جتنی جد وجہد کرتے تھے اتنی کسی اور مہینے میں نہیں کرتے تھے اور اس کے آخری عشرے میں جتنی محنت اور کوشش کرتے تھے اتنی اس کے علاوہ دوسرے دنوں میں نہیں کرتے تھے۔

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے۔]

عائشہ رضی اللہ عنہا اس حدیث میں نبی ﷺ کی ماہ رمضان میں عبادت کی کیفیت کے بارے میں بتا رہی ہیں کہ آپ ﷺ رمضان میں عبادت میں جتنی جد وجہد کرتے تھے اتنی کسی اور مہینے میں نہیں کرتے تھے کیونکہ یہ بہت با برکت مہینہ ہے جسے اللہ نے باقی تمام مہینوں پر فضیلت دی ہے۔ اور جب آخری عشرہ شروع ہو جاتا تو اس میں مہینے کے اولین دنوں سے بھی زیادہ محنت اور کوشش کرتے تھے۔ کیونکہ اس عشرے میں شب قدر ہوتی ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے اور اس لئے بھی کہ یہ مبارک مہینہ کا اختتام ہے چنانچہ آپ ﷺ اس کا خاتمہ نیک اعمال کے ساتھ کرتے تھے۔

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY